نیو یارک اسٹیٹ ڈپلوما/اسناد کے تقاضے

نظر ثانی شدہ جون 2022

درج ذیل چارٹ فی الحال نافذ العمل ڈپلوما اور اسناد کے تقاضوں کو بیان کرتا ہے۔ یہ چارٹ تقاضوں کا ایک مجموعی جائزہ فراہم کرتا ہے اور طلبہ کی اس آبادی کو شناخت کرتا ہے جس کو ہر قسم کے ڈپلوما اور نان ڈپلوما ہائی اسکول سے خارج ہونے کی اسناد پر رسائی حاصل ہے۔ ہر ڈپلوما یا اسناد کے لیے تقاضوں کے سلسلے میں مزید تفصیلی معلومات پیش کرنے کے لیے ویب سائٹیں فراہم کی گئی ہیں۔

نیو یارک اسٹیٹ کے ہائی اسکول ڈپلوما کے تقاضوں کے پورے متن کے لیے، کمشنر کے ضابطہ 8 CRR-NY 100.5، ڈپلوما کے تقاضے نیز NYSED کے عمومی تعلیم اور ڈپلوما کے تقاضے کے ویب صفحہ سے رجوع کریں۔ تینوں پرچوں اور گیارہ مختلف زبانوں میں ترجمہ شدہ ٹریکنگ ٹول تک رسائی حاصل کرنے کے لیے NYS ڈپلوما کے تقاضوں کی تفہیم~ فیملی کے وسائل سے رجوع کریں۔

موسم خزاں 2022 سے، NYS اسکولوں کی ایک چنندہ تعداد انفرادی آرٹس اسیسمنٹ پاتھ وے کی پہل کرے گی۔ مزید معلومات کے لیے انفرادی آرٹس اسیسمنٹ پاتھ وے کے ویب صفحہ سے رجوع کیا جا سکتا ہے۔

ڈپلوما یا اسناد کے تقاضوں پر مشتمل اضافی سوالات دفتر برائے نصاب و تدریس کو emscgradreq@nysed.gov یا 5922-474 (518) پر بھیجے جا سکتے ہیں۔

نیو یارک اسٹیٹ ہائی اسکول ڈپلوما

ڈپلوما کی قسم	دستیاب برائے	تقاضے
ریجنٹس ڈپلوما	طلبہ کی تمام آبادی	**کریڈٹ:** کریڈٹ کے 22 یونٹ ذیل کے مطابق تقسیم شدہ ہیں: ELA 4، 4 معاشرتی علوم، 3 سائنس، 3 ریاضی، ½ صحت، 1 آرٹس، 1 عالمی لسانیات[i]، 2 جسمانی تعلیم، اور 3½ اختیاری **تشخیص:** • 4 مطلوبہ ریجنٹس امتحانات[ii] (ہر شعبے: انگریزی، علم ریاضی، سائنس، معاشرتی علوم میں ایک)؛ • 1 پاتھ وے کی کامیاب تکمیل[iii]؛ اور • ہر ریجنٹس امتحان نیز **65 یا بہتر**[iv] اسکور **حوالہ:** ڈپلوما کی اقسام
ریجنٹس ڈپلوما (روایتی اپیل کے ذریعے)	طلبہ کی تمام آبادی	**کریڈٹ:** کریڈٹ کے 22 یونٹ ذیل کے مطابق تقسیم شدہ ہیں: ELA 4، 4 معاشرتی علوم، 3 سائنس، 3 ریاضی، ½ صحت، 1 آرٹس، 1 عالمی لسانیات[i]، 2 جسمانی تعلیم، اور 3½ اختیاری **تشخیص:** • 4 مطلوبہ ریجنٹس امتحانات[ii] (ہر شعبے: انگریزی، علم ریاضی، سائنس، معاشرتی علوم میں ایک)؛ • 1 پاتھ وے کی کامیاب تکمیل[iii,v]؛ • مذکورہ بالا ریجنٹس امتحانات میں سے 1 (بشمول پاتھ وے، اگر ریجنٹس امتحان ہو) نیز **60-64** کا اسکور جس کے لیے اپیل [vi] کمشنر کے ضابطہ 100.5(d)(7) کے مطابق مقامی ڈسٹرکٹ نے منظور کیا ہو؛ اور • باقی ماندہ مطلوبہ ریجنٹس امتحانات نیز **65 یا بہتر**[iv] اسکور **حوالہ:** اپیلیں، سیفٹی نیٹ، اور سپرنٹنڈنٹ کا تعین

ڈپلوما کی قسم	دستیاب برائے	تقاضے

ریجنٹس ڈپلوما مع **آنرز**	طلبہ کی تمام آبادی	**کریڈٹ:** کریڈٹ کے 22 یونٹ ذیل کے مطابق تقسیم شدہ ہیں: ELA 4، 4 معاشرتی علوم، 3 سائنس، 3 ریاضی، ½ صحت، 1 آرٹس، 1 عالمی لسانیات[i]، 2 جسمانی تعلیم، اور 3½ اختیاری
		
		تشخیص:
		• 4 مطلوبہ ریجنٹس امتحانات[ii] (ہر شعبے: انگریزی، علم ریاضی، سائنس، معاشرتی علوم میں ایک)؛
		• 1 پاتھ وے کی کامیاب تکمیل[iii]؛ اور
		• تمام مطلوبہ ریجنٹس امتحانات (بشمول پاتھ وے، اگر ریجنٹس امتحان ہو) میں **90 یا بہتر** کا شمار کردہ اوسط اسکور
		
		نوٹ: محکمہ سے منظور شدہ زیادہ سے زیادہ 2 متبادل کو بدلا جا سکتا ہے اور اسے شمار کردہ اوسط میں شمار نہیں کیا جائے گا۔ عالمی لسانیات میں مقامی طور پر تیار کردہ چیک پوائنٹ B امتحان کو شمار کردہ اوسط میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔ جن صورتوں میں طلبہ کو ریجنٹس امتحانات سے استثناء موصول ہوا وہاں، آنرز کی توثیق کے لیے کیلکولیشن کا انحصار ریجنٹس امتحان میں طالب علم کے اسکور کردہ نمبر پر ہوگا۔
		• **ڈپلوما پر قابل اطلاق کم از کم تین اسکور کردہ ریجنٹس امتحانات والے طلبہ**
		  ○ جن صورتوں میں طلبہ کے پاس ڈپلوما کی قسم کے لیے مطلوب تشخیصات میں شامل کرنے لائق کم از کم تین اسکور کردہ ریجنٹس امتحانات ہوں وہاں، COVID-19 کے سبب استثناء کو کیکولیشن سے ہٹا دیا جائے گا۔ اگر ڈپلوما کے لیے مطلوب ریجنٹس امتحان کے اسکور کا شمار کردہ اوسط (استثناء کو شامل کیے بغیر) 90 کے برابر یا اس سے زائد ہے تو، طالب علم کو آنرز کی توثیق حاصل ہوئی۔
		• **ڈپلوما پر قابل اطلاق تین سے کمتر اسکور کردہ ریجنٹس امتحانات والے طلبہ**
		  ○ ہر مستثنی ریجنٹس امتحان کے لیے طالب علم کے حتمی کورس کا گریڈ آنرز کے لیے کیلکولیشن میں بدل دیا جائے گا۔ اگر اسکور کردہ ریجنٹس امتحان کا شمار کردہ اوسط اور جن کورسز کے لیے استثناء منظور کیا گیا تھا ان کے لیے حتمی کورس کے گریڈز 90 کے برابر یا اس سے زائد ہیں تو، طالب علم کو آنرز کی توثیق حاصل ہوئی۔
		
		حوالہ: ریجنٹس ڈپلوما مع آنرز

ریجنٹس ڈپلوما مع **ایڈوانسڈ عہدہ**	طلبہ کی تمام آبادی	**کریڈٹ:** کریڈٹ کے 22 یونٹ ذیل کے مطابق تقسیم شدہ ہیں: ELA 4، 4 معاشرتی علوم، 3 سائنس، 3 ریاضی، ½ صحت، 1 آرٹس، 1 عالمی لسانیات[i]، 2 جسمانی تعلیم، اور 3½ اختیاری **تشخیص:** • 7 مطلوبہ ریجنٹس امتحانات[ii] ذیل کے مطابق تقسیم شدہ: 3 علم ریاضی، 2 سائنس (ایک جسمانی، ایک حیات)، 1 انگریز، 1 معاشرتی علوم؛ • 1 پاتھ وے کی کامیاب تکمیل[iii]؛ اور • ہر ریجنٹس امتحان نیز **65 یا بہتر**[iv] اسکور **ترتیب**[vii]**:** تین ترتیب کے اختیارات میں سے **ایک** کی کامیاب تکمیل: • عالمی لسانیات میں کریڈٹ کے اضافی 2 یونٹ حاصل کرنا اور عالمی لسانیات میں مقامی طور پر تیار کردہ چیک پوائنٹ B امتحان پاس کرنا؛ یا • یا آرٹس میں 5 یونٹ کی ترتیب مکمل کرنا؛ یا • CTE میں 5 یونٹ کی ترتیب مکمل کرنا **حوالہ:** ڈپلوما کی اقسام

ڈپلوما کی قسم	دستیاب برائے	تقاضے
ریجنٹس مع **ایڈوانسڈ عہدہ** نیز ایک تشریح جو **علم ریاضی میں مہارت** کو بتاتی ہو	طلبہ کی تمام آبادی	**کریڈٹ:** کریڈٹ کے 22 یونٹ ذیل کے مطابق تقسیم شدہ ہیں: 4 ELA، 4 معاشرتی علوم، 3 سائنس، 3 ریاضی، ½ صحت، 1 آرٹس، 1 عالمی لسانیات[i]، 2 جسمانی تعلیم، اور 3½ اختیاری **تشخیص اور ترتیب**[vii]: ریجنٹس ڈپلوما مع ایڈوانسڈ عہدہ کے لیے تشخیص اور ترتیب کے تمام تقاضے پورا کرتا ہے (اوپر دیکھیں) **اور** علم ریاضی میں 3 ریجنٹس امتحانات میں سے ہر ایک میں 85 یا اس سے بہتر اسکور کرتا ہے **نوٹ:** جو طلبہ (COVID-19 کی منسوخیوں کے سبب) علم ریاضی میں ریجنٹس امتحانات سے مستثنی[iv] قرار دیے گئے تھے وہ درج ذیل شرائط میں سے ایک کا استعمال کر کے علم ریاضی میں مہارت کی توثیق حاصل کر سکتے ہیں۔ • علم ریاضی میں 85 یا زیادہ اسکور کے ساتھ 2 ریجنٹس امتحانات پاس کیے اور علم ریاضی میں تیسرے ریجنٹس امتحان میں استثناء منظور کیا گیا تھا؛ یا • علم ریاضی میں 85 یا زیادہ کے ساتھ 1 ریجنٹس امتحان پاس کیا اور علم ریاضی کے 2 اضافی کورسز میں 85 یا زیادہ کا حتمی کورس کا گریڈ حاصل کیا جو اس ریجنٹس امتحان میں بڑھ گیا جس کے لیے استثناء منظور کیا گیا تھا۔ **حوالہ:** توثیقات اور مہریں
ریجنٹس مع **ایڈوانسڈ عہدہ** نیز ایک تشریح جو **سائنس میں مہارت** کو بتاتی ہو	طلبہ کی تمام آبادی	**کریڈٹ:** کریڈٹ کے 22 یونٹ ذیل کے مطابق تقسیم شدہ ہیں: 4 ELA، 4 معاشرتی علوم، 3 سائنس، 3 ریاضی، ½ صحت، 1 آرٹس، 1 عالمی لسانیات[i]، 2 جسمانی تعلیم، اور 3½ اختیاری **تشخیص اور ترتیب**[vii]: ریجنٹس ڈپلوما مع ایڈوانسڈ عہدہ کے لیے تشخیص اور ترتیب کے تمام تقاضے پورا کرتا ہے (اوپر دیکھیں) **اور** سائنس میں 3 ریجنٹس امتحانات میں سے ہر ایک میں 85 یا اس سے بہتر اسکور کرتا ہے **نوٹ:** جو طلبہ (COVID-19 کے سبب) سائنس میں ریجنٹس امتحانات سے مستثنی[iv] قرار دیے گئے تھے وہ درج ذیل شرائط میں سے ایک کا استعمال کر کے سائنس میں مہارت کی توثیق حاصل کر سکتے ہیں۔ • سائنس میں 85 یا زیادہ اسکور کے ساتھ 2 ریجنٹس امتحانات پاس کیے اور سائنس میں تیسرے ریجنٹس امتحان میں استثناء منظور کیا گیا تھا؛ یا • سائنس میں 85 یا زیادہ کے ساتھ 1 ریجنٹس امتحان پاس کیا اور سائنس کے 2 اضافی کورسز میں 85 یا زیادہ کا حتمی کورس کا گریڈ حاصل کیا جو اس ریجنٹس امتحان میں بڑھ گیا جس کے لیے استثناء منظور کیا گیا تھا۔ **حوالہ:** توثیقات اور مہریں

ڈپلوما کی قسم	دستیاب برائے	تقاضے
ریجنٹس مع **ایڈوانسڈ عہدہ مع آنرز**	طلبہ کی تمام آبادی	**کریڈٹ:** کریڈٹ کے 22 یونٹ ذیل کے مطابق تقسیم شدہ ہیں: ELA 4، 4 معاشرتی علوم، 3 سائنس، 3 ریاضی، ½ صحت، 1 آرٹس، 1 عالمی لسانیات[i]، 2 جسمانی تعلیم، اور 3½ اختیاری **تشخیص اور ترتیب[vii]:** ریجنٹس ڈپلوما مع ایڈوانسڈ عہدہ کے لیے تشخیص اور ترتیب کے تمام تقاضے پورا کرتا ہے (اوپر دیکھیں) نیز ڈپلوما کے لیے مطلوب تمام ریجنٹس امتحانات میں **90 یا بہتر** کا شمار کردہ اوسط اسکور **نوٹ:** محکمہ سے منظور شدہ زیادہ سے زیادہ 2 متبادل کو بدلا جا سکتا ہے اور اسے شمار کردہ اوسط میں شمار نہیں کیا جائے گا۔ عالمی لسانیات میں مقامی طور پر تیار کردہ چیک پوائنٹ B امتحان کو شمار کردہ اوسط میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔ جن صورتوں میں طلبہ کو ریجنٹس امتحانات سے استثناء موصول ہوا وہاں، آنرز کی توثیق کے لیے کیلکولیشن کا انحصار ریجنٹس امتحان میں طالب علم کے اسکور کردہ نمبر پر ہوگا۔ • **ڈپلوما پر قابل اطلاق کم از کم تین اسکور کردہ ریجنٹس امتحانات والے طلبہ** ○ جن صورتوں میں طلبہ کے پاس ڈپلوما کی قسم کے لیے مطلوب تشخیصات میں شامل کرنے لائق کم از کم تین اسکور کردہ ریجنٹس امتحانات ہوں وہاں، COVID-19 کے سبب استثناء کو کیکولیشن سے ہٹا دیا جائے گا۔ اگر ڈپلوما کے لیے مطلوب ریجنٹس امتحان کے اسکور کا شمار کردہ اوسط (استثناء کو شامل کیے بغیر) 90 کے برابر یا اس سے زائد ہے تو، طالب علم کو آنرز کی توثیق حاصل ہوئی۔ • **ڈپلوما پر قابل اطلاق تین سے کمتر اسکور کردہ ریجنٹس امتحانات والے طلبہ** ○ ہر مستثنی ریجنٹس امتحان کے لیے طالب علم کے حتمی کورس کا گریڈ آنرز کے لیے کیلکولیشن میں بدل دیا جائے گا۔ اگر اسکور کردہ ریجنٹس امتحان کا شمار کردہ اوسط اور جن کورسز کے لیے استثناء منظور کیا گیا تھا ان کے لیے حتمی کورس کے گریڈز 90 کے برابر یا اس سے زائد ہیں تو، طالب علم کو آنرز کی توثیق حاصل ہوئی۔ **حوالہ:** [ریجنٹس ڈپلوما مع ایڈوانسڈ عہدہ مع آنرز]
مقامی ڈپلوما (روایتی اپیل کے ذریعہ)	طلبہ کی تمام آبادی	**کریڈٹ:** کریڈٹ کے 22 یونٹ ذیل کے مطابق تقسیم شدہ ہیں: ELA 4، 4 معاشرتی علوم، 3 سائنس، 3 ریاضی، ½ صحت، 1 آرٹس، 1 عالمی لسانیات[i]، 2 جسمانی تعلیم، اور 3½ اختیاری **تشخیص:** • 4 مطلوبہ ریجنٹس امتحانات[ii] (ہر شعبے: انگریزی، علم ریاضی، سائنس، معاشرتی علوم میں ایک)؛ • 1 پاتھ وے کی کامیاب تکمیل[iii,v]؛ اور • مذکورہ بالا مطلوبہ **ریجنٹس امتحانات** میں سے 2 (بشمول پاتھ وے، اگر ریجنٹس امتحان ہو) نیز **60-64** کا اسکور جس کے لیے اپیل [vi] کمشنر کے ضابطہ 100.5(d)(7) کے مطابق مقامی ڈسٹرکٹ نے منظور کیا ہو؛ اور • باقی ماندہ مطلوبہ ریجنٹس امتحانات نیز **65 یا بہتر**[iv] اسکور۔ **حوالہ:** [اپیلیں، سیفٹی نیٹس، اور سپرنٹنڈنٹ کا تعین]

ڈپلوما کی قسم	دستیاب برائے	تقاضے
مقامی ڈپلوما	صرف انگریزی زبان کے متعلمین	**کریڈٹ:** کریڈٹ کے 22 یونٹ ذیل کے مطابق تقسیم شدہ ہیں: 4 ELA، 4 معاشرتی علوم، 3 سائنس، 3 علم ریاضی، ½ صحت، 1 آرٹس، 1 عالمی لسانیات[i]، 2 جسمانی تعلیم، 3½ اختیاری **تشخیص:** • 4 مطلوبہ ریجنٹس امتحانات[ii] (ہر شعبے: انگریزی، علم ریاضی، سائنس، معاشرتی علوم میں ایک) • 1 پاتھ وے کی کامیاب تکمیل[iii,v]؛ اور • **ELA ریجنٹس امتحان** نیز **55-59** کا اسکور جس کے لیے اپیل کمشنر کے ضابطہ 100.5(d)(7) کے مطابق مقامی ڈسٹرکٹ نے منظور کیا ہو؛ • مذکورہ بالا مطلوبہ ریجنٹس امتحان میں سے 1 نیز **60-64** کا اسکور جس کے لیے اپیل[vi] کمشنر کے ضابطہ 100.5(d)(7) کے مطابق مقامی ڈسٹرکٹ نے منظور کیا ہو؛ • باقی ماندہ مطلوبہ ریجنٹس امتحانات نیز **65 یا بہتر**[iv] اسکور **نوٹ:** انگریزی زبان کے متعلمین (ELL) جو ELA ریجنٹس امتحان میں 55-59 کے اسکور کے لیے اپیل کے خواہاں ہوں وہ اس شعبے میں صرف تب اپیل کرنے کے اہل ہیں جب وہ امریکہ میں گریڈ 9 میں یا اس کے بعد داخل ہوئے اور دوسری بار ان کے امتحان دینے کے وقت ان کی درجہ ELL کے بطور کی گئی تھی۔ **حوالہ:** اپیلیں، سیفٹی نیٹس، اور سپرنٹنڈنٹ کا تعین
مقامی ڈپلوما	انفرادی تعلیمی پروگرام والے معذور طلبہ یا اگر وہ طالب علم کے سیکشن 504 رہائشی پلان میں شامل کیے گئے ہوں	**کریڈٹ:** کریڈٹ کے 22 یونٹ ذیل کے مطابق تقسیم شدہ ہیں: 4 ELA، 4 معاشرتی علوم، 3 سائنس، 3 علم ریاضی، ½ صحت، 1 ارٹس، 1 عالمی لسانیات[i]، 2 جسمانی تعلیم، اور 3½ اختیاری **تشخیص:** a) **ادنی پاس والے سیفٹی نیٹ کا اختیار:** • 4 مطلوبہ ریجنٹس امتحانات[ii] (ہر شعبے: انگریزی، علم ریاضی، سائنس، معاشرتی علوم میں ایک)؛ • 1 پاتھ وے کی کامیاب تکمیل[iii]؛ اور ○ ہر ریجنٹس امتحان نیز **55 یا بہتر**[iv] اسکور b) **ادنی پاس والا سیفٹی نیٹ اور اپیل:** • 4 مطلوبہ ریجنٹس امتحانات[ii] (ہر شعبے: انگریزی، علم ریاضی، سائنس، معاشرتی علوم میں ایک)؛ • 1 پاتھ وے کی کامیاب تکمیل[iii,v]؛ اور ○ 2 تک ریجنٹس امتحانات نیز 52-54 کا اسکول جس کے لیے اپیل[vi] کمشنر کے ضابطہ 100.5(d)(7) کے مطابق مقامی ڈسٹرکٹ نے منظور کیا ہو ○ ہر باقی ماندہ ریجنٹس امتحان نیز **55 یا بہتر**[iv] اسکور c) **تلافی کرنے والے سیفٹی نیٹ کا اختیار:** مطلوبہ سائنس، معاشرتی علوم، یا علم ریاضی (بطور پاتھ وے) کے ریجنٹس امتحانات کے ایک یا زائد میں 45-54 کے بیچ اسکور کرتا ہے، لیکن کم اسکور کی تلافی دیگر مطلوبہ ریجنٹس امتحان میں 65 یا زیادہ کے اسکور سے کرتا ہے۔ **نوٹ:** کم از کم 55 کا اسکور (یا 52-54 کی منظور شدہ اپیل) ELA اور 1 علم ریاضی کے امتحان دونوں میں حاصل کرنا ضروری ہے۔ واحد امتحان میں 65 یا زیادہ کا اسکور ایک سے زیادہ ایسے امتحان کی تلافی کرنے کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا جس کے لیے 45-54 کا اسکور حاصل کیا گیا ہے۔ **حوالہ:** اپیلیں، سیفٹی نیٹس، اور سپرنٹنڈنٹ کا تعین اور معذور طلبہ کے لیے سند یافتگی کے تقاضے سے متعلق معلومات

ڈپلوما کی قسم	دستیاب برائے	تقاضے
مقامی ڈپلوما (سپرنٹنڈنٹ کے تعین کے ذریعہ)	IEP والے معذور طلبہ سیکشن 504 رہائشی منصوبہ والے طلبہ **شامل نہیں** ہیں	**کریڈٹ:** کریڈٹ کے 22 یونٹ ذیل کے مطابق تقسیم شدہ ہیں: ELA 4، 4 معاشرتی علوم، 3 سائنس، 3 ریاضی، ½ صحت، 1 آرٹس، 1 عالمی لسانیات[i]، 2 جسمانی تعلیم، اور 3½ اختیاری **تشخیص:** ○ سپرنٹنڈنٹ کا تعین جو والدین کی تحریری درخواست پر، دستاویزی شہادت کے جائزے کی بنیاد پر کیا گیا ہو، اس متعلقہ شعبے میں سند یافتگی کی سطح کی مہارت کے حوالے سے جس میں طالب علم سند یافتگی کے لیے مطلوب تشخیص کے ذریعے ریاستی آموزشی معیار کی مہارت کا مظاہرہ کرنے سے قاصر تھا۔ سپرنٹنڈنٹ کے تعین کے لیے اہل ہونے کے واسطے: 1. طالب علم کے پاس لازما ایک موجودہ انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) ہو اور اس خاص تعلیم کے پروگرام اور/ یا متعلقہ خدمات موصول ہو رہی ہوں۔ 2. طالب علم نے کم پاس (55-64) سیفٹی نیٹ کے اختیار یا تلافی والے اختیار کے ذریعے سند یافتگی کے تقاضے پورے نہیں کیے۔ 3. طالب علم نے مطلوبہ کورس کریڈٹ حاصل کیے ہوں اور، ڈسٹرکٹ کی پالیسی کے مطابق، سند یافتگی کے لیے مطلوب تمام کورسو، بشمول متعلقہ مطلوبہ ریجنٹس امتحان کے شعبے (فنون انگریزی زبان (English Language Arts, ELA)، علم ریاضی، معاشرتی علوم اور سائنس) کے لیے تیاری کرنے واسطے ریجنٹس کورسز پاس کیے ہوں۔ 4. طالب علم نے لازماً ELA اور علم ریاضی کے ریجنٹس امتحانات دونوں دیے ہوئے اور ان میں کم ازکم 55 کا اسکور حاصل کیا ہو یا 52 اور 54 کے بیچ اسکور پر کامیابی سے اپیل کی ہو، سوائے اس کے کہ 12 دسمبر 2017 کو یا اس کے بعد، جو طالب علم کم از کم 55 کا اسکور حاصل کرنے سے قاصر تھا یا جس نے انگریزی اور/یا علم ریاضی کے ریجنٹس امتحانات میں 52 اور 54 کے بیچ کے اسکور کی اپیل شروع نہیں کی اسے سپرنٹنڈنٹ کے تعین والے اختیار کے لیے اہل طالب علم مانا جا سکتا ہے، بشرطیکہ طالب علم نے نیو یارک اسٹیٹ (NYS) کے کیریئر ڈیولپمنٹ اینڈ آکیوپیشنل اسٹڈیز (Career Development and Occupational Studies, CDOS) کے آغاز کے استناد کے لیے تقاضے پورے کر دیے ہوں۔ 5. اس امر کی شہادت ہونا ضروری ہے کہ طالب علم نے سند یافتگی کے لیے مطلوب تمام ریجنٹس امتحانات میں شرکت کی لیکن ان میں سے ایک یا زائد امتحانات پاس نہیں کر پایا۔ 6. کسی متعلقہ شعبے میں جہاں طالب علم/طالبہ سند یافتگی کے لیے مطلوب ریجنٹس امتحانات (بشمول ELA اور/یا علم ریاضی اگر #4 میں اہلیت کی شرط (شرائط) پورا کرنے کے لیے CDOS کے آغاز کا استناد استعمال کر رہا/ رہی ہو) کے ذریعے ریاستی آموزشی معیارات کی اپنی مہارت کا مظاہرہ کرنے سے قاصر تھا/تھی تو، اس امر کا ثبوت ہونا ضروری ہے کہ طالب علم نے بصورت دیگر متعلقہ شعبے (شعبوں) میں سند یافتگی کی سطح کی مہارت ظاہر کی ہے۔ **حوالہ:** اپیلیں، سیفٹی نیٹس، اور سپرنٹندنٹ کا تعین اور معذور طلبہ کے لیے سند یافتگی کے تقاضے سے متعلق معلومات

تقاضے	دستیاب برائے	ڈپلوما کی قسم
کریڈٹ: کریڈٹ کے 22 یونٹ ذیل کے مطابق تقسیم شدہ ہیں: ELA 4، 4 معاشرتی علوم، 3 سائنس، 3 ریاضی، ½ صحت، 1 آرٹس، 1 عالمی لسانیات[i]، 2 جسمانی تعلیم، اور 3½ اختیاری **تشخیص:** خصوصی تعین کا اہل ہونے کے لیے، طالب علم پر بصورت دیگر 2022 کے جون میں سند یافتگی کے تمام تقاضے پورے کرنا اور درج ذیل میں سے ایک معیار پورا کرنا لازم ہے: • طالب علم کا اندراج تعلیمی سال 2021-2022 کے دوران مطالعہ کے ایک کورس میں یا تلافی پروگرام میں ہوا تھا جو جون 2022 میں سند یافتگی کی سمت لے گیا، اس نے ریجنٹس امتحان کی مقررہ تاریخ تک مطالعہ کے کورس میں کریڈٹ حاصل کیا، اس طرح کے امتحان میں شرکت کی لیکن پاسنگ اسکور حاصل نہیں کیا یا خصوصی اپیل کے لیے اہل قرار نہیں پایا؛ یا • طالب علم کا اندراج تعلیمی سال 2021-2022 کے دوران مطالعہ کے ایک کورس میں یا تلافی پروگرام میں ہوا تھا جو جون 2022 کے ریجنٹس امتحان میں طالب علم کی شرکت کو بڑھانے کے ارادے سے تھا اور طالب علم نے اس طرح کے مقررہ امتحان کی آخری تاریخ تک مطالعہ کے ایسے کورس میں کریڈٹ حاصل کیا لیکن وہ بیماری، بشمول COVID کے سبب علیحدگی کی پابندیوں کی وجہ سے اس طرح کے امتحان میں شرکت کرنے سے قاصر تھا۔ اس طرح کی بیماری طالب علم کے معالج کی طرف سے، یا COVID کے معاملے میں، مراکز برائے امراض پر کنٹرول اور روک تھام (Centers for Disease Control and Prevention, CDC) اور یا کورنٹین کے مدنظر مقامی رہنما خطوط کے مطابق ضبط تحریر ہونا ضروری ہے۔ COVID کے سبب غیر حاضر طالب علم کو چاہیے کہ اس طرح کی غیر حاضری کی رپورٹ کرنے کے لیے مقامی طور پر تیار کردہ اسکول یا ڈسٹرکٹ کے طریق کار پر عمل کرے۔ **حوالہ:** جون 2022 میں مقامی ڈپلوما کے ساتھ سند یافتگی کے لیے خاص تعین	طلبہ کی تمام آبادی (صرف جون 2022 کے گریجویٹس پر لاگو ہوتا ہے)	مقامی ڈپلوما (خصوصی تعین کے ذریعے)
کریڈٹ: ڈپلوما کی مخصوص اقسام کے لیے حسب مذکورہ بالا کریڈٹ کے تمام تقاضے مکمل کرتا ہے اور ایک منظور شدہ کیریئر اور تکنیکی تعلیم کا پروگرام کامیابی سے مکمل کرتا ہے۔ **تشخیص:** ڈپلوما کی مخصوص اقسام کے لیے حسب مذکورہ بالا ریاستی تشخیصات میں پاسنگ اسکور حاصل کرتا ہے اور خاص طور پر منظور شدہ کیریئر اور تکنیکی تعلیم کا پروگرام جسے طالب علم مکمل کر چکا ہے اس کے نامزد 3 حصہ تکنیکی تشخیص کامیابی کے ساتھ مکمل کیا ہے۔ **حوالہ:** توثیقات اور مہریں	طلبہ کی تمام آبادی	مقامی ڈپلوما ریجنٹس ڈپلوما، ریجنٹس ڈپلوما مع ایڈوانسڈ عہدہ (آنرز کے ساتھ یا بغیر)، نیز **کیریئر اور تکنیکی تعلیم کی توثیق**
کریڈٹ: ڈپلوما کی مخصوص اقسام (ریجنٹس یا ریجنٹس مع ایڈوانسڈ عہدہ) کے لیے حسب مذکورہ بالا کریڈٹ کے تمام تقاضے پورا کرتا ہے اور نیو یارک اسٹیٹ دو خواندگی کی مہر حاصل کرنے کا معیار پورا کرتا ہے۔ **تشخیص:** نیو یارک اسٹیٹ دو خواندگی کی مہر حاصل کرنے کے لیے معیار پورا کرتا ہے۔ **حوالہ:** نیو یارک اسٹیٹ دو خواندگی کی مہر (The New York State Seal of Biliteracy, NYSSB)	طلبہ کی تمام آبادی	ریجنٹس ڈپلوما، ریجنٹس ڈپلوما مع ایڈوانسڈ عہدہ (آنرز کے ساتھ یا بغیر)، نیز **دو خواندگی کی مہر**
کریڈٹ: ڈپلوما کی مخصوص اقسام (ریجنٹس یا ریجنٹس مع ایڈوانسڈ عہدہ) کے لیے حسب مذکورہ بالا کریڈٹ کے تمام تقاضے پورا کرتا ہے اور نیو یارک اسٹیٹ تمدنی آمادگی کی مہر حاصل کرنے کا معیار پورا کرتا ہے۔ **تشخیص:** نیو یارک اسٹیٹ تمدنی آمادگی کی مہر حاصل کرنے کا معیار پورا کرتا ہے۔ **حوالہ:** نیو یارک اسٹیٹ تمدنی آمادگی کی مہر	طلبہ کی تمام آبادی	مقامی ڈپلوما، ریجنٹس ڈپلوما ریجنٹس ڈپلوما مع ایڈوانسڈ عہدہ (آنرز کے ساتھ یا بغیر)، نیز **تمدنی تیاری کی مہر**

نان ڈپلوما ہائی اسکول سے خارج ہونے کی استناد

استناد کی قسم	دستیاب برائے	تقاضے
کیریئر ڈیولپمنٹ اینڈ آکیوپیشنل اسٹڈیز (CDOS) آغاز کا استناد	تمام طلبہ **سوائے ان کے** جن کی تشخیص NYS متبادل تشخیص (NYSSA) کا استعمال کرنے والے کے بطور ہوئی ہے	• کیریئر پلان مکمل کرتا ہے؛ کیریئر کی چھان بین اور ترقی، باہم مربوط آموزش اور آفاقی اساسی صلاحیتوں کے شعبوں میں آغاز کی سطح کے کیریئر ڈیولپمنٹ اینڈ آکیوپیشنل اسٹڈی (CDOS) کے آموزشی معیارات کے حصول کا مظاہرہ کرتا ہے؛ کیریئر اور تکنیکی تعلیم کے کورس کے کام اور کام پر مبنی آموزش (بشمول کم از کم 54 گھنٹے کام پر مبنی آموزش) میں مطالعہ کی 2 یونٹ (216 گھنٹے) کے برابر اطمینان بخش طور پر پورا کرتا ہے؛ اور کم از کم 1 مکمل کردہ ملازمت گیری کی پروفائل رکھتا ہے؛ **یا** • طالب علم کام کے لیے آمادگی کے ملکی استناد کا معیار پورا کرتا ہے نوٹ: استناد مقامی یا ریجنٹس ڈپلوما کا تکملہ ہو سکتا ہے، یا، اگر طالب علم ڈپلوما کے معیارات پورے کرنے پر قادر ہے تو، یہ استناد طالب علم کے خارج ہونے کی استناد کے بطور عطا کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ طالب علم کنڈرگارٹن کو چھوڑ کر، کم از کم 12 سال تک اسکول میں زیر تعلیم رہا ہو۔ حوالہ: خارج ہونے کی استناد اور کمشنر کے ضوابط 8 CRR-NY 100.6، ہائی اسکول سے خارج ہونے کی استناد
صلاحیتیں اور حصولیابی کے آغاز کی استناد	انتہائی معذور طلبہ جن کی شتخیص NYS متبادل تشخیص (NYS Alternate Assessment, (NYSAA	وہ تمام انتہائی معذور طلبہ جو کنڈرگارٹن کو چھوڑ کر کم از کم 12 سال تک اسکول میں زیر تعلیم رہے ہوں اس استناد کے ساتھ خارج ہوتے ہیں جس کے ہمراہ طالب علم کی صلاحیتوں اور خوبیوں کی دستاویزی شہادت اور اسکول کے بعد کی زندگی، آموزش اور کام کاج کے لیے درکار علمی، کیریئر کے فروغ اور بنیادی صلاحیتوں میں آزادی کی سطح ہونا ضروری ہے۔ حوالہ: خارج ہونے کی استناد، خاص تعلیمی فیلڈ کی مشاورت: انتہائی معذور طلبہ کے لیے صلاحیتیں اور حصولیابی کے آغاز کی استناد، اور کمشنر کے ضوابط 8 CRR-NY 100.6، ہائی اسکول سے خارج ہونے کی استناد

i. معذور طلبہ کو عالمی لسانیات کے کریڈٹ کی تقاضے سے مستثنی قرار دیا جا سکتا ہے اگر ان کے IEP میں ایسا بیان کیا گیا ہو لیکن انہیں اب بھی سند یافتگی کے لیے کریڈٹ کے 22 یونٹ حاصل کرنا ضروری ہے۔

ii. تمام صورتوں میں طلبہ مقامی یا ریجنٹس ڈپلوما کے لیے تقاضے پورے کرنے کے لیے قابل قبول محکمہ سے منظور شدہ متبادل امتحانات کی فہرست سے ایک تشخیص کو بدل سکتے ہیں۔

iii. درج ذیل 4 مطلوبہ ریجنٹس امتحانات یا متعلقہ محکمہ سے منظور شدہ متبادل امتحان پاس کرنے کے **علاوہ**، تمام طلبہ پر پاتھ وے کے درج ذیل اختیارات میں سے **1** مکمل کرنا لازم ہے۔

- نیو یارک اسٹیٹ تمدنی آمادگی کی مہر حاصل کریں؛ یا
- مختلف کورس یا محکمہ سے منظور شدہ متبادل میں ایک اضافی علم ریاضی کا ریجنٹس امتحان پاس کریں؛ یا
- مختلف کورس یا محکمہ سے منظور شدہ متبادل میں ایک اضافی سائنس کا ریجنٹس امتحان پاس کریں؛ یا
- مختلف کورس یا محکمہ سے منظور شدہ متبادل میں ایک اضافی معاشرتی علوم کا ریجنٹس امتحان پاس کریں؛ یا
- محکمہ سے منظور شدہ متبادل فہرست سے منتخب کردہ مختلف کورس میں ایک اضافی انگریزی کی تشخیص پاس کریں؛ یا
- آرٹس میں محکمہ سے منظور شدہ متبادل پاتھ وے اسیسمنٹ پاس کریں؛ یا
- عالمی لسانیات میں محکمہ سے منظور شدہ متبادل پاتھ وے اسیسمنٹ پاس کریں؛ یا
- CDOS آغاز کی استناد کے لیے تمام تقاضے کامیابی کے ساتھ مکمل کریں؛ یا
- ایک منظور شدہ CTE پروگرام، بشمول اس سے وابستہ 3 حصہ کی تکنیکی تشخیص کامیابی کے ساتھ مکمل کریں۔

اضافی تشخیص سے لازماً اس سے مختلف کورس کی پیمائش ہونی چاہیے جس کی پیمائش مذکورہ بالا چار مطلوبہ امتحانات میں سے ایک کے ذریعے کی گئی تھی، یا آرٹس، CDOS، یا عالمی لسانیات میں ایک منظور شدہ پاتھ وے اسیسمنٹ کی پیمائش ہونی چاہیے۔ اضافی معلومات کے لیے NYSED کی متعدد پاتھ ویز کے ویب صفحہ سے رجوع کیا جا سکتا ہے۔

iv. تشخیص سے استثناء ریجنٹس امتحان، پاتھ وے اسیسمنٹ، یا محکمہ سے منظور شدہ متبادل امتحان کے بدلے میں قبول کیا جا سکتا ہے۔ اضافی معلومات کے لیے درج ذیل FAQs سے رجوع کیا جا سکتا ہے: جون/اگست 2020، جنوری 2021، جون/ اگست 2021، اور جنوری 2022، اور امریکی تاریخ اور حکومت (لائحہ عمل) میں ریجنٹس امتحان کی منسوخی سے متعلق FAQ۔ اس کے علاوہ، اگر اسکول **خصوصی اپیل** منظور کرتا ہے تو، تصور کیا جاتا ہے کہ طالب علم نے تشخیص کا تقاضا پورا کیا ہے۔ اضافی معلومات کے لیے خصوصی اپیلز میمو اور FAQ سے رجوع کیا جا سکتا ہے۔

v. پاتھ وے کا تقاضا پورا کرنے کے لیے مستعمل ریجنٹس امتحانات پر اپیل کی جا سکتی ہے۔

vi. نان ریجنٹس پاتھ وے کی تشخیصات اور محکمہ سے منظور شدہ متبادل امتحانات اپیل کی کارروائی کے ساتھ مشروط نہیں ہیں۔

vii. جو معذور طلبہ اپنے IEP کے مطابق عالمی لسانیات کے تقاضے سے مستثنی قرار دیے گئے ہیں انہیں نہ تو عالمی لسانیات میں ترتیب کو نہ ہی ریجنٹس ڈپلوما مع ایڈوانسڈ عہدہ کے تقاضے پورا کرنے کے واسطے آرٹس یا CTE میں 5 یونٹ کی ترتیب کو مکمل کرنے کی ضرورت ہے۔